## سوال

(202) گوز مارے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

پادنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے مگر پادنے کی جگہ کو دھویا نہیں جاتا۔ اس کی کیا وجہ ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ریح بدبودار ہے اور حدیث میں ہے کہ جس شئے سے ابن آدم کو تکلیف پہنچتی ہے اس سے فرشتوں کو بھی تکلیف پہنچتی ہے۔ تو گویا پادنے سے انسان قصوروار ہوگیا اور وضوء سے قصور جھڑ جاتے ہیں۔ حدیث میں ہے: ہر گناہ اعضاء وضو سے گر جاتا ہے اس لیے پاد کی جگہ دھونے کی ضرورت نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

وضو کا بیان، ج1ص281

محدث فتویٰ